© rasailojaraid.com

—— ادارہ جامعہ علوم اثریہ علاقہ موضع جڑولی کی جماعت اہل حدیث اور بالخصوص قاری محمد بشیر احمد صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث کا شکر گزار ہے جنھوں نے طلباء سے ہر ممکن تعاون فرمایا اور ان کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ جزاھم اللہ خیرا!

---

نور احمد ساجد کٹوی
فارغ التحصیل جامعہ علوم اثریہ

# تبلیغی و اصلاحی جلسۂ عام جھوک کھرلاں

مرکزی جمعیت اہل حدیث و اہل حدیث یوتھ فورس فیصل آباد کے زیرِ اہتمام چک ۲۴۳، ر۔ب جھوک کھرلاں میں ۱۱ر دسمبر بروز ہفتہ بعد از نمازِ عشاء ایک تبلیغی و اصلاحی جلسۂ عام منعقد ہوا، جس میں استاذی المکرم فضیلۃ الشیخ علامہ محمد مدنی صاحب نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان اور جناب مولانا قاری عبدالحفیظ صاحب فیصل آبادی نے شرکت فرمائی۔ یہ پروگرام اس لحاظ سے انتہائی اہمیت کا حامل تھا کہ جھوک کھرلاں کا پورے کا پورا گاؤں بریلوی مسلک کے حاملین کا ہے، اور یہ تبلیغی اجتماع بھی بریلوی حضرات ہی کی مسجد (مرکزی جامع مسجد اہل سنت والجماعت) میں منعقد ہوا۔ چنانچہ جلسہ کی صدارت مسجد مذکور کے خطیب مولانا الحاج میاں محمد یعقوب صاحب نے، اور سرپرستی گاؤں کے نمبردار رائے نذیر احمد صاحب کھرل نے فرمائی۔

جلسہ کا آغاز قاری ابوذر غفاری کی تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ ان کے بعد علامہ مدنی صاحب نے عقیدہ کے متعلق خطاب فرمایا، جب کہ قاری صاحب کا موضوع سیرتِ طیبہ تھا۔ ان دونوں بزرگوں کے خطاب اس قدر مؤثر، دل نشین اور مدلّل تھے کہ گاؤں کے لوگ اور وہاں کے بریلوی علماء بھی خراجِ تحسین پیش کیے بغیر نہ رہ سکے —— حقیقت یہ ہے کہ اگر حکمت اور موعظۂ حسنہ کو پیشِ نظر رکھا جائے تو دعوت و تبلیغ اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہ سکتی —— قرآنِ مجید میں بھی ہے:


"اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ——
الآیۃ!" —— واللہ المؤفق!

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رجسٹرڈ نمبر - آر: 375 | ماہنامہ حرمین جہلم | فون رابطہ ۳۶۷۰ - ۳۷۷۱ - ۲۰۸۲


دینی تعلیمات کا ذوق رکھنے والے ذہین طلبہ کے لیے عظیم خوشخبری

دینی و دنیاوی تعلیم حاصل کرنے کا بہترین موقع



دو ایکڑ وسیع قطعہ اراضی پر جدید ترین سہولتوں سے آراستہ و پیراستہ نئی پرشکوہ عمارت میں الحمد للہ اپنے نئے تعلیمی سال کا آغاز کر رہا ہے

بانی حضرت مولانا قاضی عبدالغفور رحمہ اللہ تعالیٰ

فرقہ پرستی کے اس دور میں اعتدال کا علمبردار

جامعہ علوم اثریہ جہلم

ذہین، محنتی اور مستحق طلبہ کی خصوصی معاونت

دینی مدارس اور کالجز کے کامیاب طلبہ کی مکمل رہنمائی اور تعاون کرے گا

داخلہ 20 شوال سے شروع ہو رہا ہے ان شاء اللہ

جامعہ میں تعلیم و تدریس فرقہ واریت سے بالاتر خالص کتاب و سنت کی روشنی میں دی جاتی ہے لہٰذا اہل اسلام اپنے بچوں کی مکمل دینی و دنیوی تعلیم و تربیت کے لیے جامعہ کی بے لوث خدمات سے فائدہ اٹھائیں

جامعہ کی خصوصیات

جامعہ کا تعلیمی پروگرام

شرائط داخلہ

نوٹ

محمد مدنی


© rasailojaraid.com